تبصرے

مجلات و رسائل

ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی: — از جناب وحید الدین خاں صاحب۔ تقطیع کلاں۔ کتابت وطباعت بہتر۔ صفحات ۲۰ قیمت سالانہ ۱۵ روپئے اور فی پرچہ ۳۳ پیسے پتہ:۔ الجمعیۃ دہلی

پہلے روزنامۂ الجمعیۃ کا سنڈے اڈیشن نکلتا تھا لیکن اب چند مہینوں سے اس کے بجائے یہ ہفت روزہ شائع ہو رہا ہے جس کی حیثیت ایک مستقل میگزین یا مجلہ کی ہے اور اس حد تک کہ روزانہ الجمعیۃ اور ہفت روزہ الجمعیۃ ان دونوں کا ایک ساتھ مطالعہ کیا جائے تو بظاہر یہ باور کرنا مشکل ہوگا کہ دونوں ایک ہی مکتبۂ فکر کے ترجمان ہیں۔ کیونکہ روزنامہ کے اداری مقالات اور شذرات میں حکومت اور فرقہ پرور جماعتوں کے خلاف غم وغصہ۔ شکوہ وشکایت اور طنز و تعریض کا انداز ہوتا ہے اور اس کے بالمقابل ہفت روزہ کے مضامین میں سنجیدگی۔ گہرائی۔ غور وفکر اور ایک خاص طرح کا بھاری بھر کم پن پایا جاتا ہے۔ مضامین معلومات افزا بھی ہوتے ہیں اور فکر انگیز بھی۔ تنقید کا لب ولہجہ متین ضرور ہوتا ہے لیکن تیکھی سے خالی نہیں ہوتا۔ بہرحال اردو صحافت کی برادری میں ہفت روزہ ایک قابلِ قدر اور وقیع اضافہ ہے۔

ماہنامہ نظام کانپور کا قرآن نمبر: — مرتبہ مولانا قمر الدین مظاہری۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت ۴۲۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ سالانہ چندہ پانچ روپیہ پتہ:۔ مدنی منزل کرنیل گنج کانپور

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ نمبر قرآن سے متعلق مضامین و دیگر معلومات کے لئے مخصوص ہے۔ چنانچہ قرآن کے اوصاف و فضائل۔ جمع و تدوین کی تاریخ۔ اُس کے احکام و تعلیمات۔ علوم وفنون۔ فہم قرآن کے اصول و شرائط وغیرہ پر قابلِ مطالعہ مضامین کے علاوہ تفسیر و تراجم کے زیرِ عنوان جو